# 22959 ـ کیا انیمہ کرنے والے انجیکشن روزہ توڑ دیتے ہیں

**سوال**

مریض کے لئے روزے کی حالت میں انیمہ کرنے والے انجیکشن کا کیا حکم ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

مریضوں کو جو قبض ختم کرنے کے لئے انیمہ کے انجیکشن لگائے جاتے ہیں ان میں علماء کا اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ وہ روزہ کو ختم کر دیتے ہیں کیونکہ جو چیز بھی پیٹ میں چلی جائے وہ روزہ ختم کر دیتی ہے ۔

اور بعض کا کہنا ہے کہ یہ روزہ کو ختم نہیں کرتے اس قول کے قائلین میں سے شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ تعالی بھی ہیں ان کا کہنا ہے :

یہ نہ تو کھانا اور نہ ہی پینا ہیں اور نہ ہی کھانے پینے کے معنی میں آتے ہیں ۔

اور میری رائے تو یہ ہے کہ اس میں ڈاکٹروں کی رائے لی جائے گی اگر تو یہ کہیں کہ یہ کھانے پینے کی طرح ہیں تو اس کے ساتھ ملانا واجب ہو گا تو اس وجہ سے یہ روزہ کو ختم کر دیں گے ۔

اور اگر وہ یہ کہیں کہ یہ جسم کو وہ چیزیں نہیں دیتے جو کہ کھانا پینا دیتا ہے تو پھر یہ مفطرات میں سے نہیں اور ان سے روزہ ختم نہیں ہو گا ۔

واللہ تعالی اعلم .